

# PROSPECTUS

# 2023-2024

*Affiliated with*

Board of Intermediate & Secondary Education of Faisalabad

GCUF

# GOVERNMENT GRADUATE COLLEGE MAMUNKANJAN, DISTRICT FAISALABAD

## ہم نصابی سرگرمیاں



















## DEPARTMENT OF LIBRARY



Tayyab Muneer
Librarian
Master of philosophy in Library and information sciences

Librarian Clerk
Vacant

## OFFICE STAFF



| Head Clerk | MUHAMMAD AWAIS | GHULAM MUSTAFA | CARE TAKER | JUNIOR CLERK | JUNIOR CLERK |
|---|---|---|---|---|---|
| Vacant | Senior Clerk | Senior Clerk | Vacant | Vacant | Vacant |

## Non Teaching STAFF



## Supporting STAFF



| MUBASHIR HUSSAIN | Naib Qasid | Naib Qasid | MUHAMMAD YAQOOB | AMIR HUSSAIN | RAB NAWAZ ABID |
|---|---|---|---|---|---|
| Naib Qasid | Vacant | Vacant | Watch man | Watch man | Watch man |



| MUHAMMAD IQBAL | GARDNER | GARDNER | MUHAMMAD IQBAL BALOCH | ZAHID MASIH |
|---|---|---|---|---|
| Watch man | Vacant | Vacant | Janitor | Janitor |

# گورنمنٹ گریجوایٹ کالج فار بوائز ماموں کانجن

منتخب کریں:۔ فرسٹ ایئر ☐ بی ایس، اسلامیات ☐ بی ایس، میتھ ☐

فارم داخلہ برائے ..........

1۔نام .......... فارم نمبر:۔ ..........

2.Name (Capital Letters) (According to Matric Result Card) ☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐

3۔ تاریخ پیدائش (بمطابق سند میٹرک) D D - M M - Y Y Y Y 4۔ شناختی کارڈ یا ب فارم نمبر ☐☐☐☐☐-☐☐☐☐☐☐☐-☐

| دفتری استعمال کیلئے |
|---|
| رول نمبر |
| |
| نیوٹوریل گروپ |
| |

5۔ بورڈ/ یونیورسٹی رجسٹریشن نمبر ..........

6۔ مذہب .......... 7۔ بلڈ گروپ ..........

8۔ والد کا نام ..........

9.Father's Name (Capital Letters) (According to Matric Result Card)

☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐

Photo
پاسپورٹ سائز

10.شناختی کارڈ نمبر ☐☐☐☐☐-☐☐☐☐☐☐☐-☐ 11.پیشہ ..........

12. موبائل نمبر والد یا سرپرست۔ .......... 13۔ موبائل نمبر طالب علم۔ ..........

14۔گھر کا پتہ ..........

15۔سرپرست کا نام .......... 16۔ پیشہ ..........

17۔سرپرست کا پتہ .......... 18۔ ماہانہ آمدن ..........

19۔ میٹرک رجسٹریشن نمبر .......... میٹرک (اختیاری مضامین) ..........

20۔ انٹرمیڈیٹ رجسٹریشن نمبر .......... انٹرمیڈیٹ (اختیاری مضامین) ..........

| امتحان کے نتائج | بورڈ/ یونیورسٹی | سال جس میں امتحان پاس کیا | رول نمبر | حاصل کردہ نمبر | گریڈ/ڈویژن | ادارہ جہاں سے امتحان پاس کیا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سیکنڈری سکول آرٹس/سائنس | | | | | | |
| انٹرمیڈیٹ آرٹس/سائنس | | | | | | |

21۔مضمون جو آپ پڑھنا چاہتے ہیں۔ایف اے/ایف ایس سی آئی۔سی۔ایس/ آئی کام : اردو، انگلش، اسلامیات لازمی، مطالعہ پاکستان ☐☐☐☐

22 کھیل اور مشاغل جن میں آپ شرکت کرتے رہے ہیں۔(سند منسلک کریں اگر ہے)

23۔ کن کھیلوں یا مشاغل میں آپ شرکت کا ارادہ رکھتے ہیں؟ ..........

24 ۔مستقبل میں آپ کیا بننا چاہتے ہیں؟ ..........

25 ۔ ہم اقرار کرتے ہیں کہ درخواست داخلہ باہمی رضامندی سے کالج کی پراسپیکٹس کا بغور مطالعہ کے بعد دے رہے ہیں ۔اس کے مندرجات اور کالج کے قواعد وضوابط کی پابندی کریں گے۔کالج کے واجبات کی ادائیگی اور دوران تعلیم سرزد ہونے والے نقصان کی تلافی کے ذمہ دار ہوں گے۔درخواست دہندہ کسی قسم کی سیاسی وتخریبی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے گا اور ملوث ہونے کی صورت میں درخواست دہندہ اور والد/سرپرست ہر طرح کے نقصان کے ذمہ دار ہونگے۔نیز یہ بات ہمارے علم و یقین میں ہے کہ پرنسپل ادارہ ہذا کسی طالب علم کو یونیورسٹی/ بورڈ کے امتحان میں شریک ہونے سے روک لینے کا مجاز ہے۔علاوہ ازیں ہم کالج پرنسپل کا یہ اختیار تسلیم کرتے ہیں کہ کالج کے قواعد وضوابط اور نظم ونسق کی خلاف ورزی کی پاداش میں درخواست دہندہ کو کالج سے خارج کر سکتے ہیں۔

دستخط درخواست دہندہ .......... دستخط والد/سرپرست ..........

ریمارکس ایڈمیشن کمیٹی

سیکریٹری داخلہ کمیٹی .......... چیئرمین ..........

ممبر داخلہ کمیٹی .......... پرنسپل ..........

The most important thing is Education.
Knowledge is more Powerful than the Sword.
Learn and acquire knowledge (Quaid-e-Azam

Meeting of Balochistan Muslim League Quetta 3 July 1943

# GOVERNMENT GRADUATE COLLEGE MAMUNKANJAN,DISTRICT FAISALABAD

Tel: 041-3402503, 3402502

## PROGRAMS OFFERED

- BS Islamiat
- BS Math
- F.Sc (Pre-Medical / Pre-Engineering)
- I.Com
- I.C.S
- FA
- F.A (I.T)



★ حافظِ قرآن اور ٹیچرسن کے لئے فیس میں خصوصی رعائت
★ ثانوی تعلیمی بورڈ فیصل آباد، جی سی یونیورسٹی فیصل آباد، فوجی فاؤنڈیشن، لوکل گورنمنٹ ودیگر ہر قسم کے وظائف کالج ہذا کے طلباء کو مل سکتے ہیں۔
★ رحمۃ للعلمین سکالرشپ ★ PEEF سکالرشپ ★ مورا سکالرشپ

## تعلیمی انعامات

☆ بورڈ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے ادارہ ہذا کے طالب علم کو =/30,000 جائے گا۔
☆ بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے ادارہ ہذا کے طالب علم کو =/Rs,20000 تک کے انعامات دیئے جائیں گے۔
☆ بورڈ میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے ادارہ ہذا کے طالب علم کو =/Rs,10000 تک کے انعامات دیئے جائیں گے۔
☆ بورڈ میں A+ گریڈ حاصل کرنے والے ادارہ ہذا کے ہر طالب علم کو =/Rs,3000 تک کے انعامات دیئے جائیں گے۔
☆ پروفیسر ڈاکٹر عتیق امجد سابق پرنسپل گورنمنٹ کالج ماموں کانجن نے اپنے والد گرامی شیخ الحدیث محمد عبداللہ امجد چھتویؒ کے نام پر عبداللہ امجد میڈل 6 میڈلز
☆ پروفیسر محمد آصف کی طرف سے ذاتی طور پر اپنے والد گرامی عبدالرحیمؒ کے نام پر شعبہ ایجوکیشن کے طلباء کے لئے الرحیم میڈلز 6 میڈلز
☆ شعبہ علوم اسلامیہ کے طلباء کیلئے پروفیسر حافظ افتخار قدیر (پرنسپل کالج ہذا) کی طرف سے ذاتی طور پر اپنے والد گرامی عظیم مورخ و مصنف اور منتظم قاضی محمد اسلم سیفؒ کے نام پر 6 میڈلز
☆ شعبہ کامرس کے طلباء کیلئے پروفیسر حافظ محمد اعجاز کی طرف سے ذاتی طور پر اپنے والد گرامی چوہدری محمد نذیرؒ کے نام پر 6 میڈلز
☆ داخلی امتحانات میں پوزیشن لینے والے طلباء کو بھی انعامات دیئے جائیں گے۔
☆ ہم نصابی سرگرمیوں میں شاندار کارکردگی کے حامل طلباء کو بھی انعامات دیئے جائیں گے۔
☆ بین الکلیاتی تقریبات میں حصہ لینے والے طلباء کی حوصلہ افزائی بھی کی جائے گی۔



## قواعد و ضوابط اور شرائط داخلہ

کالج میں سال اول اور سال سوم کے داخلہ کی تاریخوں کا اعلان بالترتیب بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد اور جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کی ہدایت اور حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق کیا جاتا ہے۔ جو عموماً میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے نتائج کے اعلان کے دس روز بعد شروع ہوتا ہے اور دس دن تک جاری رہتا ہے۔
داخلہ کے مواقع پر مندرجہ ذیل قواعد و ہدایات ملحوظ خاطر رہنے چاہیں۔

1. کالج میں داخلہ کیلئے درخواست صرف مجوزہ فارم پر دی جا سکتی ہیں۔ داخلہ فارم پراسپکٹس ہذا کے آخر میں منسلک ہے۔ داخلہ فارم کی فوٹوسٹیٹ یا نقل کاپی قبول نہیں ہوگی۔
2. داخلہ فارم احتیاط سے پُر کرکے اس کے ہمراہ میٹرک/ایف اے اسناد کی مصدقہ تین تین نقول منسلک کی جائیں۔
3. سابقہ تعلیمی ادارے کے ہیڈ ماسٹر/پرنسپل صاحب کا جاری کردہ پرویژنل/کریکٹر سرٹیفکیٹ کی تین مصدقہ نقول فارم کے ساتھ منسلک کریں۔
4. داخلہ فارم پر ایک عدد پاسپورٹ سائز تصدیق شدہ تصویر چسپاں کریں اور اس کے علاوہ 5 عدد پاسپورٹ سائز تصدیق شدہ (پشت پر) تصاویر علیحدہ منسلک کریں۔
5. تاریخ پیدائش کا سرٹیفکیٹ (اگر شق نمبر۲ اور نمبر۳ میں شامل نہ ہو)۔
6. میٹرک/ایف اے کے رجسٹریشن کارڈ کی تین مصدقہ نقول فارم کے ساتھ منسلک کریں۔
7. والد/سرپرست کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل بھی فارم کے ساتھ منسلک کریں۔
8. والد/سرپرست کا اجازت نامہ داخلہ فارم کا حصہ ہے۔
9. 2 عدد ڈاک کے لفافے جن پر نام، ولدیت اور مکمل پتہ لکھا ہو، فارم داخلہ کے ساتھ منسلک کریں۔
10. داخلہ لینے کے خواہش مند طلبہ جنہوں نے اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ فیصل آباد کے علاوہ میٹرک/انٹرمیڈیٹ کا امتحان کسی اور بورڈ سے پاس کیا ہو۔ تو متعلقہ بورڈ سے اصل این او سی/مائیگریشن/ٹرانسفر سرٹیفکیٹ ہمراہ داخلہ فارم شامل کریں۔
11. مکمل پُر شدہ فارم، کالج کے داخلہ نوٹس میں دی گئی مقررہ تاریخ تک جمع کرائے جائیں اس تاریخ کے بعد کسی ذریعے سے بھی داخلہ فارم یا فیس جمع نہیں ہوگی۔
12. داخلہ صرف میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔
13. داخلہ کیلئے طالب علم کی عمر سال اول کی صورت میں 18 سال یا اس سے کم اور سال سوم کے داخلہ کیلئے 24 سال یا اس سے کم ہونی چاہیے۔

# نظم و ضبط

☆ طلباء کو اس تعارف نامہ میں دیئے گئے، قواعد و ضوابط اور ادارے کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری ہونے والے احکامات کو بجالانا ضروری ہے۔

☆ بدنظمی یا بے قاعدگی کی صورت میں جرم کی نوعیت کے مطابق طلباء کو سزا دی جاسکتی ہے۔ ایسے معاملات میں کالج کونسل کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

☆ طلباء کو اپنے اساتذہ کی عزت اور وقار کو ملحوظ خاطر رکھنا ہوگا اور ان کی ہدایات پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔ اساتذہ اکرام یا کالج کے عملہ سے غیر پسندیدہ رویے کی بنا پر یا داخلی امتحانات میں ناجائز ذرائع استعمال کرنے پر جو سزا دی جاسکتی ہے وہ کم از کم کالج سے ایک سال کیلئے عارضی اخراج ہوگا۔

☆ کسی غیر معمولی بدنظمی یا جرم کی صورت میں مرتکب طالب علم کو کالج سے کم از کم دو سال کیلئے جبری انخلاء کی سزا دی جاسکتی ہے۔

☆ کالج کے طالب علم سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ کالج حدود کے اندر اور باہر شائستگی کا مظاہرہ کرے گا۔ پرنسپل صاحب کے اس امر کا اطمینان کر لینے کے بعد کہ کوئی طالب علم کالج میں قیام کے دوران اپنی تعلیمی سرگرمیوں کو نظر انداز کر رہا ہے اگر مناسب سمجھیں تو اس کے والدین سے رابطہ کر کے اس کا نام کالج سے خارج کر سکتے ہیں۔

☆ اگر کسی معقول وجہ سے کسی طالب علم کے خلاف تادیبی کاروائی یا جرمانہ کی سزا کی سفارش کی گئی تو پرنسپل صاحب اُستاد کی سفارش کو ترجیح دینے کے مجاز ہوں گے۔

☆ کالج میں غیر ذمہ دارانہ رویے یا کسی غیر پسندیدہ اخلاقی، سیاسی حرکت یا گروہ بندی کے ارتکاب کی صورت میں کالج کونسل کی سفارش پر طالب علم کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔

☆ ہر طالب علم کے پاس ہر روز کالج کارڈ یا لائبریری کارڈ برائے شناخت موجود ہونا ضروری ہے جس طالب علم کے پاس یہ شناخت نہیں ہوگی اس کے خلاف تادیبی کاروائی کی جائے گی۔

☆ جرم کی نوعیت کے مطابق پرنسپل مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک یا زیادہ ضابطوں کی روشنی میں کسی طالب علم کے خلاف انضباطی کاروائی کریں گے۔

1 طالب علم کو جرمانہ کیا جائے گا۔

2 طالب علم ایک مقررہ مدت تک زیر مشاہدہ رکھا جائے گا۔ اگر وہ اس میں اپنا رویہ درست نہ کرے تو اسے کالج سے خارج کیا جاسکتا ہے۔

3 طالب علم کو ایک وقت میں زیادہ سے زیادہ دو ہفتوں تک عارضی طور پر کالج سے (Suspend) کیا جاسکتا ہے۔ اس میں زیادہ سے زیادہ دس دن کا عرصہ شامل نہیں جو پرنسپل صاحب کسی طالب علم کے خلاف غلط رویہ اختیار کرنے پر اس کے خلاف تحقیق کرنے کیلئے دیں گے۔

4 طالب علم کے کالج سے عارضی اخراج (Rustication) یا مستقل اخراج Expulsion یا طالب علم کو خود اپنا نام واپس لینے کا حکم دینا۔

☆ **حکومت پنجاب کے واضح احکامات کے مطابق طلباء کو کالج میں موبائل فون لانے کی اجازت نہیں ہے، برآمد ہونے کی صورت میں کم از کم =/1000 روپیہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ موبائل فون والدین کی تحریری درخواست پر واپس کیا جائے گا۔**



☆ کالج کی حدود کے اندر کالج کے اثاثہ جات کو نقصان پہنچانے کی صورت میں اصل نقصان کی مد کے مطابق جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

☆ کالج کی بلڈنگ اور دیواروں پر کسی بھی قسم کی سیاسی یا گروہی تحریر لکھنا سخت جرم ہے لکھنے والے کے خلاف تادیبی کاروائی ہوگی۔

☆ کالج میں کسی بھی قسم کی سیاسی، مذہبی یا گروہی لسانی اور علاقائی تنظیم سازی پر مکمل پابندی ہے۔

# انتباہ

صرف وہی طلباء انٹرمیڈیٹ / گریجوایشن کا امتحان دینے کے حقدار ہوں گے جو دیگر شرائط پوری کرنے کے علاوہ اپنی کلاس میں مندرجہ ذیل تناسب سے حاضریاں پوری کریں گے۔

الف: تمام مضامین میں علیحدہ علیحدہ کلاس میں دئے گئے لیکچرز کی مجموعی تعداد کا %80 حصہ

ب: ایسے مضامین جن میں پریکٹیکل ضروری ہوں پریکٹیکل کیلئے مخصوص پیریڈز کی مجموعی تعداد کا 3/4 حصہ بشرطیکہ پریکٹیکل کے پیریڈز کی تعداد چالیس سے کم نہ ہو۔

وہ طالب علم جو کھیل میں مصروف ہوں گے حاضر شمار ہوں گے۔ (جس کی تصدیق ان کے انچارج کریں گے) غیر حاضری کی صورت میں لیکچرز شمار کرتے وقت ان دنوں کی رعایت نہیں دی جائے گی۔

ج: اگر امتحان کے داخلہ فارم بھیجتے وقت کسی طالب علم کے لیکچرز مقررہ تناسب سے کم ہوں تو پرنسپل صاحب طالب علم کا فارم کنٹرولر امتحانات کو عبوری طور پر بھیج سکتے ہیں اگر طالب علم نے امتحان شروع ہونے سے پندرہ دن قبل تک لیکچرز کی کمی کو پورا نہ کیا تو پرنسپل صاحب امتحان کے انعقاد سے قبل کنٹرولر امتحانات کو اطلاع دے کر اس طالب علم کا نام امتحان سے مسترد کروا سکتے ہیں۔

د: کالج سے مسلسل چھ دن بغیر درخواست کے غیر حاضری کی صورت میں یا ایک ماہ میں دس دن غیر حاضری کی صورت میں طالب علم کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔ طبی بنیاد پر ایک ماہ تک مجاز اتھارٹی سے میڈیکل سرٹیفکیٹ پر رخصت لی جاسکتی ہے۔ اگر رخصت ایک ماہ سے زیادہ کی ہو تو دوبارہ کالج میں داخلہ مشروط ہوگا اور طالب علم کو Fitness Certificate پیش کرنا ہوگا۔

# کالج یونیفارم

☆ کالج میں پہلے ہی دن سے طلباء کیلئے یونیفارم کی پابندی لازمی ہوگی۔

☆ طلباء لازمی طور پر کالج کا لباس پہن کر آئیں جو حسب ذیل ہے۔

موسم سرما: سفید شرٹ، پتلون (Light Gray)، میرون جرسی یا کوٹ، میرون ٹائی اور سیاہ جوتے۔

موسم گرما: سفید شرٹ، پتلون (Light Gray) میرون ٹائی اور سیاہ جوتے۔

14. کالج انتظامیہ کسی امیدوار کو بھی داخلہ دینے یا فارم مسترد کرنے کی قطعی مجاز ہے۔

15. داخلہ کے خواہش مند طلباء کو خود انٹرویو کیلئے داخلہ کمیٹی کے روبرو پیش ہونا ہوگا۔ اس موقعہ پر اصل اسناد اور دستاویزات ہمراہ لانا اور پیش کرنا ضروری ہے۔

16. داخلے کا فارم منظور ہونے کے بعد مقررہ معیاد کے اندر کالج واجبات کی ادائیگی ضروری ہے ورنہ داخلہ کا استحقاق منسوخ ہو جائے گا۔

17. اشٹام پیپر (بیان حلفی) کا نمونہ لف ہے۔

**نوٹ:** مکمل داخلہ فارم فائل میں جمع کروائیں۔

**حلف نامہ:** طلباء داخلہ فارم میں مذہب کا خانہ پر کرتے وقت درج ذیل حلف نامہ پیش نظر رکھیں۔

میں حلفیہ اقرار کرتا ہوں کہ میں خاتم النبین حضرت محمد ﷺ پر مکمل اور غیر مشروط ایمان رکھتا ہوں اور یہ کہ میں کسی ایسے شخص کا پیروکار نہیں ہوں جو حضرت محمد ﷺ کے بعد اس لفظ کے کسی بھی مفہوم یا کسی تشریح کے لحاظ سے پیغمبر ہونے کا دعویدار ہو اور نہ ایسے دعویدار کو پیغمبر یا مذہبی مصلح مانتا ہوں۔

# انٹرمیڈیٹ اور ڈگری کلاسز میں پڑھائے جانے والے مضامین

## انٹرمیڈیٹ لازمی مضامین

1. اُردو 2. انگریزی 3. اسلامک ایجوکیشن 4. مطالعہ پاکستان

## اختیاری مضامین

طلباء کو درج ذیل گروپوں میں سے کسی ایک گروپ کا انتخاب کرنا ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ پری میڈیکل گروپ | بائیولوجی | کیمسٹری | فزکس |
| ☆ پری انجینئرنگ گروپ | ریاضی | کیمسٹری | فزکس |
| ☆ آئی سی ایس | ریاضی | کمپیوٹر سائنس | شماریات |
| | ریاضی | کمپیوٹر سائنس | معاشیات |
| ☆ جنرل سائنس | ریاضی | شماریات | معاشیات |



## آئی ۔کام (کامرس گروپ)

اکاؤنٹنگ + اصولِ تجارت + اصولِ معاشیات + بزنس میتھ

## ایف۔اے (آئی ۔ٹی)

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | جغرافیہ | کمپیوٹر | فزیکل ایجوکیشن |
| 2 | جغرافیہ | کمپیوٹر | ایجوکیشن |
| 3 | اسلامیات | کمپیوٹر | فزیکل ایجوکیشن |
| 4 | اسلامیات | کمپیوٹر | ایجوکیشن |

## ایف۔اے (اختیاری مضامین)

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | اسلامیات اختیاری | شہریت | فزیکل ایجوکیشن |
| 2 | اسلامیات اختیاری | عربی | فزیکل ایجوکیشن |
| 3 | اسلامیات اختیاری | اکنامکس | فزیکل ایجوکیشن |
| 4 | اسلامیات اختیاری | شہریت | ایجوکیشن |
| 5 | اسلامیات اختیاری | عربی | ایجوکیشن |
| 6 | اسلامیات اختیاری | اکنامکس | ایجوکیشن |
| 7 | جغرافیہ | شہریت | فزیکل ایجوکیشن |
| 8 | جغرافیہ | عربی | فزیکل ایجوکیشن |
| 9 | جغرافیہ | اکنامکس | فزیکل ایجوکیشن |
| 10 | جغرافیہ | شہریت | ایجوکیشن |
| 11 | جغرافیہ | عربی | ایجوکیشن |
| 12 | جغرافیہ | اکنامکس | ایجوکیشن |

## مجلس تقریبات

کالج میں طلباء کی علمی اور ادبی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کیلئے ایک مجلس تقریبات قائم کی گئی ہے۔ جس کے تحت کالج میں مختلف ادبی تقریبات منعقد ہوتی ہیں اس مجلس کے تحت یوم پاکستان، یوم قائد اعظم، یوم شاعر مشرق، بین الکلیاتی اور دیگر تقریبات منعقد ہوتی ہیں۔ جن کے لئے مجلس علوم اسلامیہ، مجلس اقبال انگلش لٹریری سوسائٹی وغیرہ کا قیام عمل میں لایا جاتا ہے نیز طلباء کی ادبی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کیلئے ہفتہ وار اتالیقی پیریڈ میں طلباء کی مختلف ادبی سرگرمیوں کی تربیت کی جاتی ہے۔ اتالیقی حلقہ جات وعشرہ مبشرہ صحابہ کرامؓ کے نام سے قائم ہیں۔

## دیگر سوسائٹیز

ہر مضمون کی الگ الگ سوسائٹی بھی بنائی جاتی ہے جو اپنے اپنے پروگرام منعقد کرتی ہے۔

## سپورٹس بورڈ

طلباء کی ذہنی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ جسمانی صلاحیتوں کی نشوونما کے لئے کالج میں ایک سپورٹس بورڈ بھی بنایا گیا ہے۔ جس کے تحت مختلف کھیلوں کی تربیت دی جاتی ہے اور سالانہ سپورٹس گالا منعقد کیا جاتا ہے۔

## علمی وادبی مجلّہ

طلباء کی علمی وادبی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کیلئے کالج میں ایک علمی وادبی مجلّہ شائع کیا جاتا ہے جو طلباء واساتذہ کی نگارشات پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس رسالہ کے مدیر اعلیٰ اور مدیر اساتذہ وطلباء ہوتے ہیں۔

## ترقی

1 انٹرمیڈیٹ کا امتحان دوحصوں پر مشتمل ہوگا پارٹ ون اور پارٹ ٹو دونوں حصوں کا امتحان فیصل آباد بورڈ لے گا۔ پارٹ ون کے امتحان میں فیل ہونے والے طلباء کو سیکنڈ ائر میں ترقی نہیں دی جائے گی علاوہ ازیں تعلیمی لحاظ سے انتہائی کمزور، برے چال چلن اور کالج سے مسلسل غیر حاضر رہنے والے طلباء سال دوم میں ترقی سے محروم کئے جاسکتے ہیں۔ پارٹ ون کا امتحان ختم ہونے کے فوراً بعد سال دوم کی کلاسیں شروع ہو جائیں گی اور مسلسل غیر حاضر رہنے والے طلباء کا داخلہ روک لیا جائے گا۔

2 انٹرمیڈیٹ کا کوئی طالب علم اگر کالج ہذا کے امتحان میں ایف گریڈ حاصل کرے تو اس کا داخلہ بورڈ کے امتحان کیلئے روک لیا جائے گا۔

3 کنٹرولر امتحانات کسی بھی طالب علم کے تعلیمی نتیجے کے بارے میں کسی وقت بھی اس کے سرپرست کو مطلع کر سکتے ہیں اور اگر مناسب سمجھیں تو انہیں مزید مشاورت کیلئے بھی بلا سکتے ہیں۔

4 گریجوایشن کا امتحان جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے زیر اہتمام دوحصوں پر مشتمل ہوگا (پارٹ ون اور پارٹ ٹو دونوں حصوں کا امتحان جی سی یونیورسٹی فیصل آباد لے گی) اور ان دونوں میں الگ الگ پاس ہونا ضروری ہے

5 داخلی امتحان سے بلا جواز غیر حاضری امتحان میں ناکامی کے مترادف ہوگی نیز فی پرچہ غیر حاضری پر 200 روپے جرمانہ ہوگا۔

6 دسمبر ٹیسٹ ماہ دسمبر اور Sendup ٹیسٹ ماہ اپریل میں ہونگے۔



## درس قرآن و حدیث

طلباء میں دینی، اخلاقی اور قومی جذبے کو اُبھارنے کیلئے کالج کے تدریسی کام کے آغاز میں درس قرآن وحدیث کا اہتمام کیا گیا ہے۔ جس میں کالج ہی کے اساتذہ اکرام بصیرت افروز درس دیتے ہیں۔ اس درس قرآن میں غیر حاضر طلباء کو دس روپیہ فی غیر حاضری خصوصی جرمانہ کیا جاسکتا ہے۔

## ضابطہ اخلاق کا اعادہ

طلباء سے مندرجہ ذیل بنیادی اصولوں پر مبنی ضابطہ اخلاق اپنانے کی توقع کی جاتی ہے۔

-1 کالج میں طلباء نظم وضبط اور اخلاقیات کو اپنائیں گے اور دوسروں کے حقوق کا احترام کریں گے۔

-2 طلباء کالج کے اندر اور باہر اساتذہ، ساتھی اور دوسرے افراد سے معاملات کرتے وقت ایمانداری کو شعار بنائیں گے۔

-3 کالج کے ساتھی طلباء کے مفادات کا تحفّظ کریں گے۔

-4 طلباء بڑوں، اساتذہ اور باہر سے آنے والے ملاقاتیوں کا احترام کریں گے۔

-5 ان تمام افراد سے مشفقانہ اور مددگار رویہ اپنائیں گے جن سے روزمرہ زندگی میں واسطہ پڑتا ہے۔

-6 وہ سخت محنت کو اپنا شعار بنائیں گے۔ اپنا تعلیمی نصاب ممکنہ حد تک ختم کریں گے۔ اپنا وقت ضائع نہیں کریں گے اور دوسروں کے کام میں مخل نہ ہوں گے۔

## راہنمائی اور مشاورت

کالج میں طلباء کیلئے راہنمائی اور مشاورت کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ طلباء اگر کسی مقام پر مشکل محسوس کریں تو وہ راہنمائی اور مشاورت کے لیے مشاورتی کونسل سے رجوع کریں۔

اساتذہ/ ٹیوٹر کسی بھی مسئلہ کے بارے میں انہیں موزوں مشوروں سے نوازیں گے۔

### ڈینگی بخار آگاہی کمیٹی

کالج ہذا میں ڈینگی بخار کی وجوہات، علامات علاج کے بارے میں آگاہی کے لیے آگاہی کمیٹی اور ہیلپ ڈیسک قائم کیا گیا ہے۔

اساتذہ کرام ہر ایسے طالب علم کو 100 یا 150 روپے جرمانہ کر سکیں گے یا کمرہ جماعت سے اخراج کا حکم دے سکتے ہیں جو یونیفارم میں نہ ہوں گے۔
حکومت پنجاب کی ہدایت کے مطابق ہر طالب علم کو اپنا کالج کارڈ کالج اوقات کے دوران یونیفارم پر آویزاں رکھنا ہوگا۔

## دارالمطالعہ (لائبریری) کے اصول و ضوابط

کالج لائبریری میں اس وقت تقریباً ہزاروں کتب موجود ہیں جن سے طلباء کو استفادہ کرنے کا حق ہے۔ اس کے علاوہ طلباء کے مطالعہ کیلئے قومی اخبارات بھی منگوائے جاتے ہیں۔ طلباء کے مفاد کی خاطر لائبریری کمیٹی بھی قائم کی گئی ہے جو پرنسپل صاحب کو مناسب سفارشات پیش کرتی ہے۔ صرف کالج کا تدریسی عملہ اور کالج کے باقاعدہ طلباء ہی کتب جاری کرانے کے مجاز ہیں۔ طلباء چودہ دن تک اپنے پاس کتب مطالعے کیلئے رکھ سکتے ہیں۔ درسی کتب بھی مستحق طلباء کو جاری کی جاسکتی ہیں۔ کالج میں داخلہ کے بعد ہر طالب علم کو ایک لائبریری کارڈ جاری کیا جائے گا جس پر کتب کے اندراج اور اخراج کا حساب ہوگا۔ لائبریری میں کتب واپس کرنے والا طالب علم اس کا اندراج اپنے کارڈ پر کروائے گا۔ ایک ہی کتاب طالب علم کو دوبارہ جاری کی جاسکتی ہے۔ بشرطیکہ کسی اور نے اس کا مطالعہ نہ کرنا ہو۔ جو طلباء وقت مقرر پر کتب واپس نہ کریں گے انہیں نئی کتب مہیا کرنا ہونگی یا رائج الوقت قیمت ادا کرنا ہوگی۔ حوالہ کی کتب اور رسائل کے تازہ شمارے لائبریری سے جاری نہیں کئے جاسکتے۔ لائبریری دوران سال ایک ماہ تک عموماً مئی میں بند رہتی ہے تاکہ کتب کی جانچ پڑتال کی جاسکے اس پڑتال سے پہلے تمام طلباء اور اساتذہ تمام کتب واپس جمع کرائیں۔ لائبریری میں طلباء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ سنجیدگی اور خاموشی سے مطالعہ کریں گے۔ اس ضمن میں ایک علیحدہ وسیع وعریض خوبصورت دارالمطالعہ قائم کیا جاچکا ہے۔ دارالمطالعہ کالج کے اوقات میں کھلا رہے گا۔ لائبریری کارڈ گم ہوجانے کی صورت میں سو روپے جرمانہ ادا کر کے نیا کارڈ حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## کالج چھوڑنے یا تبدیل کرنے کے قوائد و ضوابط

اگر کوئی طالب علم سے اپنا نام خارج کروانا چاہے تو صرف والد/سرپرست سے مصدقہ تحریری درخواست پیش کرنے پر ہی ایسا کرسکتا ہے۔ حتمی طور پر جب تک اس کا نام خارج نہیں ہوجاتا اسے اپنے واجب الادا تمام واجبات ادا کرنا ہوں گے۔
بورڈ یا یونیورسٹی کے قواعد کے تحت کسی کالج سے دوسرے کالج میں منتقل ہونے کی اجازت اس وقت تک نہیں دی جاسکتی جب تک اس کی معقول وجوہات نہ ہوں۔ لیکن ناگزیر حالات میں اگر کوئی طالب علم ایک یونیورسٹی سے دوسری یونیورسٹی میں جائے یا کالج تبدیل کرے تو مندرجہ ذیل شرائط پورا کرنا ہوں گی۔



الف جس ادارے میں طالب علم آخری دفعہ زیر تعلیم تھا اور جس ادارے میں طالب علم تبدیلی کروانا چاہتا ہے ان اداروں کے سربراہوں کا تحریری اجازت نامہ۔
ب سابقہ بورڈ یا یونیورسٹی کا تبدیلی سرٹیفکیٹ/NOC
ج جی سی یونیورسٹی فیصل آباد یا فیصل آباد بورڈ سے اس ادارے میں داخلہ کا اجازت نامہ جس میں طالب علم جانا چاہتا ہو۔

## طالب علم کے نام کا اخراج

1. پروگرام کے تحت فیس و دیگر واجبات کی عدم ادائیگی کی صورت میں طالب علم کا نام کالج سے خارج کردیا جائے گا۔
2. ایک ماہ میں چھ روز متواتر یا بلاتسلسل 10 روز کسی ایک پیریڈ میں یا مجموعی طور پر تمام پیریڈوں سے غیر حاضر رہنے کی صورت میں طالب علم کا نام کالج سے خارج کردیا جائے گا۔ بے شک اس نے کالج کے واجبات ادا کردیے ہوں۔
3. دوبارہ داخلہ کی گنجائش صرف ایک ہی دفعہ ہے۔
4. ہر پیریڈ کی غیر حاضری پر پانچ روپے جرمانہ ہوگا لیکن درس قرآن وحدیث اور ٹیوٹوریل گروپ سے غیر حاضری پر دس روپیہ جرمانہ ہوگا اور بغیر درخواست کے غیر حاضری پر روزانہ دس روپے جرمانہ ہوگا۔

## کالج کونسل

کالج کونسل کالج کے سینئر اساتذہ پر مشتمل ہوتی ہے۔ پرنسپل صاحب اس کونسل کے چیئرمین ہوتے ہیں۔ کالج کونسل کالج کا اعلیٰ ترین ادارہ ہے، کالج ڈسپلن اور انتظامی معاملات میں اس کے فیصلے اور تجاویز حتمی ہوتی ہیں۔

## پراکٹوریل بورڈ

کالج کے نظام کو درست حالت میں رکھنے اور نظم وضبط کا جائزہ لینے کیلئے پراکٹوریل بورڈ بنایا گیا ہے جس کا سربراہ چیف پراکٹر ہوتا ہے۔ چیف پراکٹر اور ممبران پراکٹوریل بورڈ مختلف اوقات میں کالج میں راؤنڈ پر رہتے ہیں اور طلباء کو درپیش مسائل حل کرتے ہیں۔

## فیس میں رعایت

-1 پرنسپل صاحب کو غریب اور مستحق طلباء کی خاص تعداد (کسی کلاس کی کل تعداد کا زیادہ سے زیادہ 10 فیصد) کی ٹیوشن فیس میں مکمّل یا آدھی رعایت کا اختیار حاصل ہے۔

-2 فیس معافی کی درخواست کی چھان بین کے لئے کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

-3 فیس میں رعایت اچھے طور واطوار، باقاعدہ پڑھائی اور تعلیم کی تسلّی بخش کارکردگی پر دی جائیگی۔ بدنظمی، بدچلنی یا تعلیم میں غیر تسلّی بخش کارکردگی کی صورت میں فیس کی رعایت واپس لی جاسکتی ہے۔

-4 اساتذہ کے بڑے بیٹے کی ٹیوشن فیس پوری معاف ہوگی جبکہ چھوٹے بیٹے کی نصف معاف ہوگی۔ بڑے بیٹے کو بطور ثبوت اپنے والدین کے شناختی کارڈ اور ب فارم کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی داخلہ فارم کے ساتھ لگانا ہوگی نیز پرنسپل کے نام سادہ کاغذ پر درخواست اور اپنے والد/ والدہ کا سروس سرٹیفکیٹ جو کہ تقرری کے مجاز افسر سے تصدیق شدہ ہو داخلہ فارم کے ساتھ لف کرنا ہوگا۔

-5 اگر ایک ادارے میں دو بھائی پڑھتے ہوں تو چھوٹے بھائی کی نصف ٹیوشن فیس معاف ہوگی جس کیلئے جناب پرنسپل کے نام سادہ کاغذ پر درخواست لکھنا ہوگی۔

-6 میٹرک میں 85 فیصد نمبر حاصل کرنے والے طلباء کی مکمل فیس معاف ہے۔

### ادارہ کی منفرد خصوصیات:

- ماہر اور سبجیکٹ سپیشلسٹ ایم فل اور پی۔ایچ۔ڈی کوالیفائیڈ سٹاف
- نصاب کی بروقت تکمیل
- دہرائی کلاسز
- بلاتخصیص اضافی کوچنگ کلاسز کا انعقاد
- اساتذہ اور والدین کے درمیان طلباء کی تعلیمی صورت حال پر مشاورتی میٹنگز
- نصابی جانچ کے لئے روزانہ کی بنیاد پر کورس کورتج شیٹ کا اجراء
- طلباء کی قیمتی رائے دہی اور بہتر حکمتِ عملی کے لئے فیڈ بیک فارم کا اجراء
- ہفتہ وار، ماہانہ، دسمبر ٹیسٹ اور سینڈ اَپ ٹیسٹ

### دھرائی بذریعہ ٹیسٹ سیشن

| مرحلہ | نصابی تقسیم | وقت | کل مضمون | مضمون ٹیسٹ | کل ٹیسٹ |
|---|---|---|---|---|---|
| پہلا مرحلہ | 25% | 3 گھنٹے | 6 | 4 | 24 |
| دوسرا مرحلہ | 50% | 3 گھنٹے | 6 | 2 | 12 |
| تیسرا مرحلہ | 100% | 3 گھنٹے | 6 | 1 | 6 |


- مندرجہ بالا ٹیسٹ سیشن مارچ، اپریل میں منعقد کیے جائیں گے۔
- ہر ٹیسٹ تین گھنٹے پر مشتمل ہوگا۔
- سینڈ اَپ اور ٹیسٹ سیشن میں غیر حاضر طلباء کی رول نمبر سلپ جاری نہیں کی جائے گی۔



## فیس و دیگر واجبات


| نمبر شمار | تفصیل واجبات | BS اسلامیات | BS میتھ | ایف اے/ آئی کام | ایف ایس سی/ آئی سی ایس | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | فیس داخلہ | 450 روپے | 450 روپے | 80روپے | 65روپے | 150روپے دوبارہ داخلہ پر |
| 02 | ٹیوشن فیس | 360 روپے | 360 روپے | 600روپے | 600روپے | سالانہ |
| 03 | سپورٹس فیس | 90 روپے | 90 روپے | 180 روپے | 180 روپے | سالانہ |
| 04 | میگزین فنڈ | 60 روپے | 60روپے | 120 روپے | 120روپے | سالانہ |
| 05 | یونیورسٹی، بورڈ رجسٹریشن فیس | 5800 | 5800 | بورڈ/ یونیورسٹی کے مطابق | بورڈ/ یونیورسٹی کے مطابق | دوسال کے لئے |
| 06 | جنرل فنڈ | 50روپے | 50روپے | 50روپے | 50روپے | سالانہ |
| 07 | میڈیکل فنڈ | 30روپے | 30روپے | 50 روپے | 50 روپے | سالانہ |
| 08 | ہلالِ احمر فنڈ | 30روپے | 30روپے | 60روپے | 60روپے | سالانہ |
| 09 | سائنس فنڈ | 120 روپے فی پریکٹیکل | 120 روپے | 60روپے | 60روپے | سالانہ |
| 10 | کالج ویلفیئر فنڈ | 50روپے | 50 روپے | 50 روپے | 50 روپے | سالانہ |
| 11 | لائبریری سیکورٹی | 300 روپے | 300 روپے | 500روپے | 500روپے | قابل واپسی |
| 12 | کالج امتحانی فنڈ | 200 روپے | 200 روپے | 180روپے | 180 روپے | سالانہ |
| 13 | کمپیوٹر فیس | 300 روپے | 300 روپے | 300روپے | 300 (آئی سی ایس) | سالانہ |
| 14 | سٹوڈنٹ کارڈ | 50 روپے | 50 روپے | 50 روپے | 50 روپے | سالانہ |
| 15 | سائیکل فنڈ | 50 روپے | 50 روپے | 100 روپے | 100 روپے | سالانہ |
| 16 | بورڈ/ یونیورسٹی ایفی ایشن فنڈ | 100 روپے | 100 روپے | 240 روپے | 240 روپے | سالانہ |

نوٹ: مسجد فنڈز کے ریٹس میں گورنمنٹ آف پنجاب کی جانب سے تبدیلی کی صورت میں نئے ریٹس کے مطابق فیس وصول کی جائے گی۔






پرنسپل حافظ افتخار قدیر






ڈاکٹر کلثوم ڈائریکٹر کالجز فیصل آباد ڈویژن فیصل آباد



ڈاکٹر حبیب الرحمن ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز فیصل آباد

## کالج تقریبات کی تصویری جھلکیاں





























